© rasailojaraid.com



بس میں نے اپنا فرض پورا کیا ہے، اس کے بعد اگر آپ نے اپنی استطاعت کے مطابق کچھ نہ کیا تو کل محشر کے دن خدائے بزرگ و برتر کے سامنے جواب دہ ہوں گے۔

(عبدالرؤف ایم اے، راولپنڈی)

**قرآنی احکام سے استہزاء** | ۴ر مارچ کے اخبار جنگ (لاہور) میں ویمن ایکشن فورم (خواتین محاذ عمل) کی طرف سے چند فاحشہ عورتوں کی تصاویر کے ساتھ ان کی طرف سے بیان جاری ہوا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ حدود آرڈیننس اور وفاقی شرعی عدالت کو ختم کیا جائے، طلاق کا حق عورت کو دیا جائے، سزائے موت، سنگسار کرنا، چور کا ہاتھ کاٹنا جیسی سزائیں منسوخ کی جائیں۔

قرآنی آیاتِ مقدسہ پر عمل نہ کرنا ایک اور بات ہے لیکن قرآنی احکامات اور فیصلوں کی منسوخی کا مطالبہ کرنا تو صریح کفر ہے۔ اور پھر اس کفر کی اشاعت ایسے ملک میں ہو رہی ہے جس کے قیام کا مقصد وحید قرآنی احکامات کا نفاذ تھا۔

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

مجھے یاد ہے کہ ایوب خان کے دور میں جب سرکاری طور پر زکوٰۃ کو ٹیکس کہا گیا تو اُس بیچارے کے دن مختصر ہو گئے تھے۔ اب اسلام کا "صرف نام" لینے والے حکمرانوں کے دور میں اسلام کے ساتھ جو تماشا ہو رہا ہے اور کھلم کھلا بغاوت اور اس کی تشہیر ہو رہی ہے اور پھر اس پر کوئی گرفت نہیں، یہ ان بیچاروں کے دن مختصر کرنے کا سامان ہو رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کی حالت پر رحم فرماویں اور ہم سب کو کما حقہٗ اسلام پر عمل پیرا ہونے کی توفیق نصیب فرماویں۔ یہ تو کریم و رحیم ربّ کی شانِ رحیمی و کریمی کا اظہار ہے، ورنہ ہماری بغاوت، ہماری بداعمالیاں اور اسلام کے ساتھ کھلم کھلا مذاق — ڈر لگتا ہے کہ یہ سب کچھ کسی خوفناک عذاب کا باعث نہ بن جائے۔ (اللہ بچائے)

اپنی کم علمی، کم عقلی کے باوجود جی نے چاہا کہ ان کی خدمت میں دل کی بات عرض کر دوں۔

(الحاج) محمد سعید، دارالسعید حویلیاں

**لندن میں انٹرویو کے مطالعہ پر اظہار مسرت** | آج (۱۵/۹/۸۷) کے روزنامہ جنگ لندن میں قائد جمعیۃ مولانا سمیع الحق صاحب کا انٹرویو پڑھا، صحیح معنوں میں مزا آ گیا — اللہ پاک آپ کو اور آپ کے کام میں برکت دے۔ اور جو خدمت آپ دین اور قوم کی کر رہے ہیں، اس کا اجرِ عظیم آپ کو انشاء اللہ ضرور ملے گا۔ (پرویز شیخ - انگلینڈ)

**قندھار جیل** | ماہنامہ الحق کی ادارتی تحریر سے جہادِ افغانستان کی تازہ ترین صورتحال معلوم ہوئی۔ آپ کے عزائم ماشاء اللہ بہت خوب ہیں۔ علماء حق، اکابر و مشائخ اور عالم اسلام اور ٹوٹے و مجروح دل اور اللہ تعالیٰ کے پاکبازوں کی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ خدا تعالیٰ نفاذِ شریعت اور جہادِ افغانستان کے معرکۂ کار میں آپ کی



© rasailojaraid.com